dynea

**DYNEA PAKISTAN LIMITED**
Office No. 405 & 406, Parsa Tower, Plot No. 31/1/A, Block-6,
P.E.C.H.S., Sharah-e-Faisal, Karachi - 75400., PAKISTAN.
Phone : +92-21-34520132-5, Fax : +92-21-34392182
E-mail : info@dynea.com.pk, Web: www.dynea.com.pk

FORM-17

May 27, 2022

The Manager,
Pakistan Stock Exchange Limited
Stock Exchange Building,
Stock Exchange Road,
Karachi.

Subject: **Notice of Extraordinary General Meeting**

Dear Sir,

Enclosed please find a copy of the Notice of Extraordinary General Meeting to be held on June 28, 2022, for circulation amongst the TRE Certificate Holders of the exchange.

Yours Sincerely,

(Mujtaba Hassan Ghanchi)
Company Secretary

# DYNEA PAKISTAN LIMITED

Office No.406, Parsa Tower, Plot No.31/1/A, Block-6, P.E.C.H.S.
Shahrah-e-Faisal, Karachi-75400. Ph: (92-21) 34520132-135 Fax: (92-21) 34392182

## NOTICE OF EXTRAORDINARY GENERAL MEETING

Notice is hereby given that the Extraordinary General Meeting ("EOGM") of Dynea Pakistan Limited ("Company") will be held on Tuesday, June 28, 2022 at 11:00 am at the Auditorium of Institute of Chartered Accountants of Pakistan, Chartered Accountants Avenue, Clifton, Karachi to transact the following business:

**ORDINARY BUSINESS**

1. To elect 7 (seven) Directors of the Company as fixed by the Board of Directors in accordance with the provision of Section 159 of the Companies Act, 2017 ("the Act") for a term of three years commencing from June 29, 2022. The retiring Directors are as under and are eligible for re-election.

   **1. Dr. Donald John Jenkin** | **2. Ms. Anam Fatima Khan**
   **3. Mr. Ameen Mohammad Bandukda** | **4. Mr. Andalib Alavi**
   **5. Mr. Adnan Afridi** | **6. Mr. Tariq Ahmed**
   **7. Mr. Shabbir Abbas**

2. To transact any other business with the permission of the Chair.

By Order of the Board

Karachi.
May 30, 2022

**Mujtaba Hassan Ghanchi**
Company Secretary

**NOTES**

**1. Book Closure**

The share transfer book of the Company will remain closed from June 22, 2022 to June 28, 2022 (both days inclusive) for determining voting rights. Transfers received at M/s. FAMCO Associates (Pvt) Limited, 8-F, Next to Hotel Faran, Nursery, Block-6, P.E.C.H.S., Shahrah-e-Faisal, Karachi. Tel: 0092-21-34380101-5, 34384621-3 (Ext-103) Fax: 0092-21-34380106, the Share Registrar of the Company by the close of business on June 21, 2022 will be treated in time to attend the meeting.

**2. Election of Directors**

a. The term of the office of the present Board of the Company will expire on June 29, 2022. In terms of Section 159(1) of the Act, the Board has fixed the number of Directors at 7 (seven) through a resolution passed in the meeting of Board held on April 27, 2022, to be elected in EOGM of the Company for a period of next 3 (three) years.

b. Any person who is desirous to contest the election of Director shall file with the Company a notice of his/her intention to offer himself/herself for election as a Director under Section 159(3) of the Act, alongwith the consent to act as a Director in Form-28 under Section 167 of the Act and a detailed profile alongwith office address, for placement onto the Company's website, in terms of SRO 1196(I)/2019 dated October 3, 2019 issued by Securities and Exchange Commission of Pakistan ("SECP"), not later than 14 (fourteen) days before the EOGM.

   Furthermore, Declarations be provided, confirming being compliant with the requirements of the Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulations, 2019 ("the Code") and the eligibility criteria, for a director under Section 153 of the Act.

c. A director must be a member of the Company at the time of filing his/her consent for contesting election of directors except a person representing a member, which is not a natural person.

d. The selection of Independent Directors will be complied with the requirements of Section 166 of the Act and Regulation 6 of the Code.

e. The final list of contesting Directors will be circulated not later than 7 (seven) days before the date of the EOGM, in terms of Section 159(4) of the Act, Further, the website of the Company will also be updated with required information.

f. A copy of the relevant documents may be obtained from the office of the Company Secretary of the Company or may be downloaded from the website of Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP).

**3. A. Attending the Meeting**

i. In case of individuals, the account holder or sub-account holder and/or the person whose securities and registration details as uploaded as per the Regulations, shall authenticate their identity by showing their original Computerized National Identity Card ("CNIC") or original passport at the time of attending the meeting.

ii. In case of a corporate entity, the Board of the Director's resolution/power of attorney with specimen signature of the nominee shall be produced at the time of the meeting.

**B. Appointment of Proxy**

A member entitled to attend and vote at the above meeting may appoint a Proxy to attend, speak and vote on his behalf at the meeting. Instrument appointing a proxy must be deposited at the Registered Office of the Company at least 48 (forty-eight) hours before the time of the meeting, alongwith attested copy of CNIC and a recent photograph of the shareholder appointed as Proxy. For the convenience of shareholders, proxy forms (both in English and Urdu) are available on the company's website **www.dynea.com.pk**

In the case of corporate entity, the Board of Directors' resolution/power of attorney with specimen signature of the nominee shall be provided at least 48 (forty-eight) hours before the meeting. The individual members or representatives of corporate members of the Company in CDC must bring original CNIC or Passport and CDC Account and Participant ID Numbers to prove identity and verification at the time of the meeting.

CDC Account Holders will further have to follow the guidelines as laid down in Circular No.1 dated January 26, 2000 issued by the Securities and Exchange Commission of Pakistan.

**C. Postal Ballot**

Pursuant to Companies (Postal Ballot) Regulations, 2018, for the purpose of election of Directors, where in case number of contestants are more than the number of directors to be elected, members will be allowed to exercise their right to vote through postal ballot, that is voting by post or through any electric mode, in accordance with the requirements and procedure contained in the aforesaid regulations.

**D. Virtual Participation in the EOGM Proceedings**

Shareholders interested in attending the EOGM virtually are hereby advised to get themselves registered with the company by providing the following information through email at **eogm2022@dynea.com.pk**

| Name of Shareholder | CNIC No. | Folio No./CDC Account No. | No of Shares | Contact No. | Email Address |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

Online meeting link and login credentials will be shared with only those members whose emails, containing all the required particulars, are received at the given email address by 05:00 pm on Monday, June 27, 2022. The login facility shall remain open from 10:45 am till the end of the meeting.

**E. Consent for Video Conference Facility**

Pursuant to Section 132(2) of the Companies Act, 2017, members may avail video conference facility for this EOGM, provided the Company receives consent from the members residing in a city holding aggregate 10% or more shareholding at least 7 days prior to the date of the meeting.

In this regard, please send a duly signed request as per the following format at the Registered Office of the Company within prescribed timeline:

> I/ We,__________________________ of _________________________being a member of Dynea Pakistan Limited holder of ____________________Ordinary Share(s) as per Register Folio No. ______________hereby opt for video conference facility at__________.
>
> ____________________
> Signature of member

The Company will intimate members regarding venue of video conferencing facility at least 5 days before the date of Extraordinary General Meeting along with complete information necessary to enable them to access such facility.

**F. Unclaimed Dividends and Share Certificates**

The Company has previously discharged responsibility under Section 244 of the Companies Act, 2017, whereby the Company approached shareholders to claim their unclaimed dividends and undelivered share certificates in accordance with the law.

Any Shareholders whose dividends and share certificates are still unclaimed/undelivered, are hereby once again requested to approach the Company with all necessary details immediately, to claim their outstanding dividend amounts and/or undelivered share certificates. In case no claim is received, the Company shall proceed to comply in accordance with the applicable law.

**G. Conversion of Physical Shares into Book-Entry Form**

As per Section 72 of the Act, all listed companies are required to replace shares issued by them in physical form to book-entry form within four years of the promulgation of the Act.

Accordingly, all shareholders of Dynea Pakistan Limited having physical folios/share certificates are requested to convert their shares into book-entry form at the earliest. Maintaining shares in book-entry form will make the process of share handling more efficient and risk free and will facilitate shareholders in the safe custody of shares. Shareholders may contact the Company or Share Registrar, M/s. FAMCO Associates (Pvt) Limited for the conversion of physical shares into book-entry form.

**H. Submission of Copies of CNIC not Provided Earlier**

Individual Shareholders are once again reminded to submit a copy of their valid CNIC, if not provided earlier to the Company's Share Registrar, in case of non-availability of a valid copy of Shareholders' CNIC in the records of the Company, the Company shall withhold the Dividend under the provisions of Section 243 of the Act.

**I. Change of Address**

The Shareholders are requested to immediately notify the change in their mailing address, if any, to the Company's Share Registrar.

**J. Website**

The Notice of Extraordinary General Meeting has been placed on the Company's website **www.dynea.com.pk** in addition to its dispatch to the shareholders.

**Statement of Material Facts under Section 166(3) of the Companies Act, 2017 in respect of Election of Directors**

Independent Directors will be elected through the process of election of directors in terms of Section 159 of the Act, and they meet the criteria laid down under Section 166(2) of the Act and shall be listed on the data bank of Independent Directors maintained by Pakistan Institute of Corporate Governance. Further their selection shall be made due to their respective core competencies, diversity, skill, knowledge and experience.

The present directors are interested to the extent that they are eligible for re-election as directors of the Company.

# ڈائنیا پاکستان لمیٹڈ

دفتر نمبر 406، پارسا ٹاور، پلاٹ نمبر 31/1/A، بلاک-6، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہِ فیصل، کراچی 75400
فون: 135-34520132 (21-92) فیکس: 34392182 (21-92)

## اطلاع غیر معمولی اجلاس عام

بذریعہ ہذا اطلاع دی جاتی ہے کہ ڈائنیا پاکستان لمیٹڈ (''کمپنی'') کا ایک غیر معمولی اجلاس عام (''ای او جی ایم'') بروز منگل ۲۸ جون ۲۰۲۲ء کو صبح ۱۱:۰۰ بجے آڈیٹوریم آف انسٹی ٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹینٹس آف پاکستان، چارٹرڈ اکاؤنٹینٹس ایونیو، کلفٹن، کراچی میں درج ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد کیا جائے گا:

**عمومی کارروائی**

ا۔ کمپنی کے سات (۷) ڈائریکٹرز کا انتخاب جیسا کہ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ (''دی ایکٹ'') کے سیکشن ۱۵۹ کی شقوں کے تحت یہ تعداد ۲۹ جون ۲۰۲۲ء سے شروع ہونے والی ۳ سالہ مدت کیلئے مقرر کی ہے۔ سبکدوش ہونے والے ڈائریکٹرز کے نام درج ذیل ہیں اور وہ دوبارہ انتخاب کیلئے اہل ہیں:

**ا۔ ڈاکٹر ڈونلڈ جان جینکن**
**۲۔ محترمہ انعم فاطمہ خان**
**۳۔ جناب امین محمد بندوکدہ**
**۴۔ جناب عندلیب علوی**
**۵۔ جناب عدنان آفریدی**
**۶۔ جناب طارق احمد**
**۷۔ جناب شبیر عباس**

۲۔ صدر اجلاس کی اجازت سے کسی دیگر امور کی انجام دہی۔

حسب الحکم بورڈ
**مجتبیٰ حسن گھانچی**
کمپنی سیکریٹری

کراچی:
۳۰ مئی ۲۰۲۲ء

**نوٹ:**

**ا۔ کتاب کی بندش**

کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بک مورخہ ۲۲ جون ۲۰۲۲ء تا ۲۸ جون ۲۰۲۲ء (بشمول دونوں ایام) ووٹنگ استحقاق کے تعین کے لئے بند رہے گی۔ کمپنی کے شیئر رجسٹرار، میسرز فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، 8-F، متصل ہوٹل فاران، نرسری، بلاک-6، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہ فیصل، کراچی۔ فون: 5-34380101-21-0092، 3-34384621 (ایکسٹینشن 103) فیکس: 34380106-21-0092 میں ۲۱ جون ۲۰۲۲ء کو کاروباری اوقات کے اختتام تک موصولہ ٹرانسفرز اجلاس میں شرکت کے لئے بروقت تصور کیے جائیں گے۔

**۲۔ ڈائریکٹرز کا انتخاب**

اے۔ کمپنی کے موجودہ بورڈ کے عہدے کی مدت ۲۹ جون ۲۰۲۲ء کو ختم ہو رہی ہے۔ ایکٹ کے سیکشن (۱)۱۵۹ کی شرائط کے مطابق بورڈ نے ۲۷ اپریل ۲۰۲۲ء کو منعقدہ بورڈ کے اجلاس میں منظور کردہ ایک قرارداد کے ذریعے ڈائریکٹرز کی تعداد ۷ (سات) مقرر کی ہے جن کو کمپنی کے غیر معمولی اجلاس عام میں آنے والے ۳ (تین) سال کی مدت کے لئے منتخب کرنا ہے۔

بی۔ کوئی بھی شخص جو ڈائریکٹر کے انتخاب میں حصہ لینے کا خواہشمند ہو، اسے کمپنی کے پاس خود کو ڈائریکٹر کی حیثیت سے انتخاب کے لئے پیش کرنے کے ارادے کا نوٹس ایکٹ کے سیکشن (۳)۱۵۹ کے تحت بشمول ایکٹ کے سیکشن ۱۶۷ کے تحت فارم۔۲۸ پر بحیثیت ڈائریکٹر فرائض انجام دینے کا اجازت نامہ اور ایک مفصل پروفائل بشمول دفتر کا پتہ، سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (''ایس ای سی پی'') کی جانب سے جاری کردہ ایس آر او ۲۰۱۹/(۱)۱۱۹۶ مورخہ ۱۳ اکتوبر ۲۰۱۹ء کی شرائط کے تحت کمپنی کی ویب سائٹ پر فراہم کرنے کی غرض سے غیر معمولی اجلاس عام کے انعقاد سے کم از کم ۱۴ (چودہ) دن قبل پیش کرنا ہوگا۔

مزید برآں فراہم کیے جانے والے ڈیکلریشنز میں اس امر کی توثیق ہونی چاہیئے کہ لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورنینس) ریگولیشنز، ۲۰۱۹ (''دی کوڈ'') اور ایکٹ کے سیکشن ۱۵۳ کے تحت ڈائریکٹر کے لئے اہلیت کے معیار کو پورا کیا جا رہا ہے۔

سی۔ ڈائریکٹر لازمی طور پر ڈائریکٹرز کے انتخاب میں حصہ لینے کے ارادے کی اطلاع دینے کے وقت کمپنی کا ممبر ہونا چاہیئے ماسوائے کسی ایسے فرد کے جو کسی ممبر کی نمائندگی کر رہا ہو جو کہ ایک حقیقی فرد نہیں ہے۔

ڈی۔ انڈیپینڈنٹ ڈائریکٹرز کا انتخاب ایکٹ کے سیکشن ۱۶۶ اور کوڈ کے ضابطہ ۶ کی شرائط کے مطابق عمل میں لایا جائے گا۔

ای۔ انتخاب میں حصہ لینے والے ڈائریکٹرز کی حتمی فہرست ایکٹ کے سیکشن (۴)۱۵۹ کی شرائط کے مطابق غیر معمولی اجلاس عام کی تاریخ سے کم از کم ۷ (سات) دن قبل تقسیم کر دی جائے گی، مزید برآں کمپنی کی ویب سائٹ پر بھی مطلوبہ معلومات فراہم کی جاتی رہیں گی۔

ایف۔ متعلقہ دستاویزات کی ایک کاپی کمپنی کے کمپنی سیکریٹری آفس سے حاصل کی جا سکتی ہے یا اسے سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کی ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔

**۳۔ اے۔ اجلاس میں شرکت کرنا**

i افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا ضمنی اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا ایسے افراد جن کی سیکورٹیز اور رجسٹریشن تفصیلات ریگولیشنز کے مطابق اپ لوڈ کر دی گئی ہوں، انہیں اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (''سی این آئی سی'') یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

ii کارپوریٹ ادارے کی صورت میں ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی مع نامزد کردہ کے نمونہ دستخط اجلاس میں شرکت کے وقت فراہم کرنا ہوں گے۔

**بی۔ پراکسی کا تقرر**

مذکورہ بالا اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا استحقاق رکھنے والا کوئی بھی ممبر اجلاس میں اپنی جگہ شرکت کرنے، بولنے اور ووٹ دینے کے لئے ایک پراکسی کا تقرر کر سکتا ہے۔ پراکسی کے تقرر کی دستاویز لازمی طور پر کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں اجلاس کے مقررہ وقت سے کم از کم ۴۸ (اڑتالیس) گھنٹے قبل پراکسی کے طور پر متعین کیے جانے والے شیئر ہولڈر کی سی این آئی سی کی ایک مصدقہ کاپی اور شیئر ہولڈر کی ایک حالیہ تصویر کے ساتھ جمع کرا دی جائے۔ شیئر ہولڈرز کی سہولت کیلئے پراکسی فارمز (انگریزی اور اردو دونوں میں) کمپنی کی ویب سائٹ www.dynea.com.pk پر دستیاب ہیں۔

کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی مع نامزد کردہ کے نمونہ دستخط اجلاس کے مقررہ وقت سے کم از کم ۴۸ (اڑتالیس) گھنٹے قبل فراہم کرنا ہوں گے۔ انفرادی ممبران یا سی ڈی سی میں کمپنی کے کارپوریٹ ممبران کے نمائندے لازمی طور پر اپنا اصل سی این آئی سی یا پاسپورٹ اور سی ڈی سی اکاؤنٹ اور پارٹیسپینٹ آئی ڈی نمبرز اجلاس کے وقت اپنی شناخت ثابت کرنے کی غرض سے ہمراہ لائیں۔

سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو مزید برآں سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے جاری کردہ سرکلر نمبر ۱، مورخہ ۲۶ جنوری ۲۰۰۰ء میں دی گئی رہنما ہدایات پر بھی عمل کرنا ہوگا۔

**سی۔ پوسٹل بیلٹ**

ڈائریکٹرز کے انتخاب کے مقصد کے لئے کمپنیز (پوسٹل بیلوٹ) ریگولیشنز، ۲۰۱۸ کے مطابق، جہاں انتخاب میں حصہ لینے والے امیدواروں کی تعداد منتخب کیے جانے والے ڈائریکٹرز کی تعداد سے زائد ہوئی تو ممبران کو پوسٹل بیلوٹ کے ذریعے ووٹ دینے کا حق استعمال کرنے کی اجازت دی جائے گی جیسا کہ ووٹنگ بذریعہ ڈاک یا کسی بھی الیکٹرونک طریقہ کار کے تحت مذکورہ بالا ریگولیشنز میں درج شرائط اور طریقہ کار کے مطابق کی جائے گی۔

**ڈی۔ غیر معمولی اجلاس عام کی کارروائیوں میں ورچوئل شرکت**

غیر معمولی اجلاس عام میں ورچوئل شرکت کے خواہشمند شیئر ہولڈرز کو بذریعہ ہذا ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ درج ذیل معلومات eogm2022@dynea.com.pk پر ای میل کر کے خود کو کمپنی کے پاس رجسٹرڈ کرا لیں:

| شیئر ہولڈر کا نام | سی این آئی سی نمبر | فولیو نمبر/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | شیئرز کی تعداد | رابطہ نمبر | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

آن لائن میٹنگ لنک اور لاگ اِن کی تفصیلات صرف ان ممبران کو فراہم کی جائیں گی جن کے تمام تر مطلوبہ کوائف پر مشتمل ای میلز دیے گئے ای میل ایڈریس پر بروز پیر ۲۷ جون ۲۰۲۲ء کو شام ۵:۰۰ بجے تک موصول ہو جائیں گے۔ لاگ اِن کی سہولت صبح ۱۰:۴۵ بجے سے اجلاس کے اختتام تک کھلی رہیں گی۔

**ای۔ وڈیو کانفرنس سہولت کے لیے اجازت نامہ**

کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن (۲)۱۳۲ کے مطابق ممبران اس غیر معمولی اجلاس عام کے لئے وڈیو کانفرنس کی سہولت حاصل کر سکتے ہیں۔ اس کے لئے یہ لازم ہے کہ کمپنی کو کسی ایک شہر میں مقیم دس فیصد یا زائد شیئر ہولڈنگ کے حامل ممبران کی جانب سے اجلاس کی مقررہ تاریخ سے کم از کم ۷ دن قبل کمپنی کو درخواست موصول ہونی چاہیئے۔

اس سلسلے میں براہِ مہربانی درج ذیل فارمیٹ کے مطابق باقاعدہ دستخط شدہ درخواست کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں مقررہ وقت کے اندر ارسال کر دی جائے:

میں/ ہم ______ سکنہ ______ بحیثیت ڈائنیا پاکستان لمیٹڈ
کے ایک ممبر حامل ______ عمومی شیئرز بمطابق رجسٹرڈ فولیو نمبر ______
بذریعہ ہذا بمقام ______ وڈیو کانفرنس کی سہولت حاصل کرنے کے خواہشمند ہیں۔

______
ممبر کے دستخط

کمپنی ممبران کو غیر معمولی اجلاس عام کی تاریخ سے کم از کم ۵ دن قبل وڈیو کانفرنسنگ سہولت کے مقام کے بارے میں اس سہولت تک رسائی کے بارے میں تمام ضروری معلومات کے ساتھ آگاہ کر دے گی۔

**ایف۔ غیر کلیم کردہ منافع منقسمہ اور شیئر سرٹیفکیٹس**

کمپنی اس سے قبل بھی کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن ۲۴۴ کے تحت اپنی ذمہ داری سے عہدہ براہ ہو چکی ہے جس کے ذریعے کمپنی نے شیئر ہولڈرز سے رابطہ کر کے ان کو قانون کے مطابق ان کے غیر کلیم کردہ منافع منقسمہ اور غیر موصول شدہ شیئر سرٹیفکیٹس کے کلیم کرنے کی ہدایت کی تھی۔

کوئی بھی شیئر ہولڈرز جن کے منافع منقسمہ اور شیئر سرٹیفکیٹس ابھی تک غیر کلیم کردہ/ غیر ترسیل شدہ ہوں، ان سے بذریعہ ہذا ایک بار پھر درخواست کی جاتی ہے کہ تمام تر ضروری تفصیلات کے ساتھ فوری طور پر اپنی واجب الادا منافع منقسمہ کی رقومات اور/ یا غیر ترسیل شدہ سرٹیفکیٹس کے کلیم کے لئے رابطہ کریں۔ اگر مقررہ مدت کے اندر کمپنی کو کوئی کلیم موصول نہ ہوا تو کمپنی مروجہ قوانین کے مطابق اس پر مزید کارروائی کرے گی۔

**جی۔ فزیکل شیئرز کی بک اینٹری کی صورت میں منتقلی**

ایکٹ کے سیکشن ۷۲ کے مطابق تمام لسٹڈ کمپنیوں کے لئے یہ لازم ہے کہ وہ ایکٹ کے نافذ العمل ہونے کی تاریخ سے ۴ سال کے اندر ان کی جانب سے فزیکل صورت میں جاری کردہ شیئرز کو بک اینٹری کی شکل میں تبدیل کریں۔

اس کے مطابق ڈائنیا پاکستان لمیٹڈ کے ان تمام شیئر ہولڈرز کو جو فزیکل فولیوز/ شیئر سرٹیفکیٹس کے حامل ہیں، ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے شیئرز کو جلد از جلد بک اینٹری کی صورت میں تبدیل کرا لیں۔ بک اینٹری کی صورت میں شیئرز ہونے سے شیئرز رکھنے کا عمل مزید بہتر اور خطرات سے پاک ہو جائے گا اور شیئر ہولڈرز کو شیئرز کی محفوظ تحویل کی سہولت بھی حاصل ہو جائے گی۔ شیئر ہولڈرز اپنے فزیکل شیئرز کی بک اینٹری کی صورت میں منتقلی کے لئے کمپنی یا اس کے شیئر رجسٹرار میسرز فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

**ایچ۔ سی این آئی سی کی نقول کا جمع کرانا اگر پہلے فراہم نہ کی گئی ہوں**

انفرادی شیئر ہولڈرز کو ایک بار پھر یاد دہانی کرائی جاتی ہے کہ اپنے کارآمد سی این آئی سی کی ایک کاپی جمع کرا دیں اگر یہ پہلے کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو جمع نہیں کرائی گئی، شیئر ہولڈرز کے کارآمد سی این آئی سی کی کاپی کمپنی کے ریکارڈز میں عدم دستیابی کی صورت میں کمپنی ایکٹ کے سیکشن ۲۴۳ کی شقوں کے تحت منافع منقسمہ کو روک لے گی۔

**آئی۔ پتے کی تبدیلی**

شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ اپنے ڈاک کے پتوں میں کسی بھی تبدیلی، اگر کوئی ہوئی ہو، سے فوری طور پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو مطلع کریں۔

**جے۔ ویب سائٹ**

غیر معمولی اجلاس عام کی اطلاع شیئر ہولڈرز کو ارسال کرنے کے علاوہ کمپنی کی ویب سائٹ www.dynea.com.pk پر فراہم کی جا رہی ہے۔

**ڈائریکٹرز کے انتخاب کے سلسلے میں کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن (۳)۱۶۶ کے تحت ضروری حقائق کا بیان**

انڈیپینڈنٹ ڈائریکٹرز کا انتخاب ایکٹ کے سیکشن ۱۵۹ کی شرائط کے تحت ڈائریکٹرز کے انتخاب کے عمل کے ذریعے کیا جائے گا اور یہ کہ وہ ایکٹ کے سیکشن (۲)۱۶۶ کے تحت مروجہ اہلیت کے معیار پر پورا اُترتے ہوں اور پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف کارپوریٹ گورنینس کی جانب سے مرتب کردہ انڈیپینڈنٹ ڈائریکٹرز کے ڈیٹا بینک پر لسٹڈ ہوں۔ مزید برآں ان کا انتخاب ان کی ذاتی و بنیادی قابلیت، اہلیت، مہارت اور تجربے کی بنیاد پر عمل میں لایا جائے گا۔

موجودہ ڈائریکٹرز کی دلچسپی صرف اس حد تک ہے کہ وہ کمپنی کے ڈائریکٹرز کی حیثیت سے دوبارہ انتخاب کے لئے اہل ہیں۔